Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیش کرنے کی غرض سے نہر فرات، اٹھارہ بنی ہاشم کی قبور، اشرف۔ خیام اہل بیتؑ اور دوسری مقدس شبیہات پیش کرکے امام بارگاہ کی رونق میں اضافہ کیا۔ جہاں شب بھر مستورات نے عقیدت و احترام کے جواہر بشکل اشکِ عزا نچھاور کئے۔ شب بھر تبرکات کی تقسیم اور آہ و زاری و نوحہ خوانی کا سلسلہ جاری رہا۔ شب بھر جناب زہراؑ کو ان کے لال کا پُرخلوص پرسہ پیش کیا گیا! اس سلسلے میں ممبرانِ انجمن نے جس گرم جوشی اور انتھک محنتوں کا مظاہرہ کیا ہے اس کا صلہ بروزِ جزا خداوندِ عالم مرحمت فرمائے گا۔

انجمن ناصر العزاء سالِ رواں بھی زیارت گنج شہیداں کرانے کا بہتر اہتمام کر رہی ہے اور تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ مقامِ زیارتِ گنج شہیداں کو اور بھی بصیرت افروز بنا کر پیش کر رہی ہے۔ سالِ رواں بھی انجمن نے نقش مبارک جو کہ حضرت امام رضاؑ کے دستِ مبارک کا بنا ہوا ہے انتہائی متبرک ثابت ہوا ہے۔ مفت تقسیم کرے گی۔ ہماری دعا ہے کہ خداوندِ عالم بغیر کسی نام و نمود کی طمع کے خدمت عزا کرنے کی توفیق عطا کرے۔

علمدار حسین اسلم

سکریٹری جنرل

انجمن ناصر العزاء رجسٹرڈ

بیاض تسکین زہراؑ حصہ اول دوم۔ سوم اور چہارم کراچی کی مشہور اور مایۂ ناز انجمنوں کے نایاب نوحہ جات۔ قیمت فی حصہ ۲ / روپے ۱

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نوحہ (۱)

شہ کا پیغام ہے سبھی کے لئے

شہ کا پیغام ہے سبھی کے لئے — حق پہ مر جاؤ زندگی کے لئے

کربلا پر نظر جمائے رہو ! — شمع روشن ہے آگہی کے لئے

اللہ اللہ حسینؑ کے انصار — کون مرتا ہے یوں کسی کے لئے

مرنے والو! مرو تو ایسے مرو — آدمی روئے آدمی کے لئے

زیرِ شمشیر سر ہو سجدے میں — فخر ہے فخر بندگی کے لئے

دین کو جس نے زندگی بخشی — ہم مریں گے تو بس اسی کے لئے

جو درِ مصطفیٰؐ سے ہٹتا ہے — وہ بھٹکتا ہے روشنی کے لئے

عقد میں جسکے آئے بنتِ رسولؐ — یہ فضیلت ہے بس علیؑ کے لئے

اور کیا چاہیئے تجھے جعفر — آلِ احمد ہے رہبری کے لئے

نوحہ (۲)

سنبھالے نیمچے گھوڑوں پہ دو جرار بیٹھے ہیں

سنبھالے نیمچے گھوڑوں پہ دو جرار بیٹھے ہیں
پسرِ زینبؑ کے نسلِ جعفرِ طیار بیٹھے ہیں

لئے شوقِ شہادت باوفا تیار بیٹھے ہیں
شبِ عاشور سے سب بہت تیار بیٹھے ہیں

ہدایت دے رہے ہیں شاہِ دیں اک اک کو مقتل کی
شہِ مظلوم کو گھیرے ہوئے انصار

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جلا کر شمعِ لیلیٰؑ نے سنوارا یوں رخِ اکبرؑ
حرم بھی کہہ اُٹھے کہ احمدِ مختار بیٹھے ہیں

بلائے لے رہی ہے ماںؑ، حرم محوِ زیارت ہیں
علی اکبرؑ شہادت کے لئے تیار بیٹھے ہیں

کہیںؑ زینبؑ نہ گھبرا کر نکل آئے برہنہ سر
جواں بیٹے کی میّت پر شہِ ابرار بیٹھے ہیں

اِدھر بے شیر کو شبیرؑ لے آئے ہیں ہاتھوں پر
اُدھر ناوک سنبھالے صف بہ صف مکار بیٹھے ہیں

پریشاںؑ حال دل تھامے ہوئے ناچار بیٹھے ہیں
بنا کر قبر ننھی سی شہِ ابرار بیٹھے ہیں

کوئی عابدؑ سے تو پوچھے مصیبت شام و کوفے کی
حرم کس طرح اونٹوں پر سرِ بازار بیٹھے ہیں

وہاں لائی حرمؑ کو عابدِ بیمار کی جرأت
جہاں پر انبیاءؑ بھی اپنی ہمت ہار بیٹھے ہیں

رہائی پا کے پرسہ دے رہی ہیں زینبؑ مضطر
صفِ ماتم بچھائے عابدِ بیمار بیٹھے ہیں

فرشتہ نے کہا آ کر لحد میں چین سے سو جا
تری بالیں پہ جعفر حیدرِ کرار بیٹھے ہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نوحہ (۳۳)

ظلم کیا کیا نہ ہوئے شاہ کے غم خواروں پہ

ظلم کیا کیا نہ ہوئے شاہ کے غم خواروں پہ
خونِ ناحق کے نشاں ہیں ابھی دیواروں پہ

خون سے بڑھ کے صداقت کا نہیں کوئی ثبوت
ہم گلے اس لئے رکھ دیتے ہیں تلواروں پہ

قتلِ شبیرؑ سے پورا نہ ہوا عزمِ یزیدِ لعیں
کفر چھا سکتا تھا کب دین کے مختاروں پہ

پڑھنے والوں نے پڑھی جنگ کے میداں میں نماز
تیر برسائے گئے حق کے پرستاروں پہ

تھا مسلمانوں کو اسلام سے کس درجہ عناد
ڈھایا کعبہ کو چھری پھیر دی معماروں پہ

بلوۂ عام میں سر ننگے گئی آلِ نبیؐ
بجلیاں گر نہ پڑیں شام کے بازاروں پہ

آلِ احمد کا نہ ہو ذکر یہی کاوش ہے
بندشیں آج بھی ہیں شاہؑ کے عزاداروں پہ

ہو گئی آتشِ نمرود گلستاں جس سے
ہیں کے ہم نام وہی چلتے ہیں انگاروں پہ

دورِ محشر نہیں کیوں فکر میں رہتے ہو انیسؔ
کون ہے حق پہ یہ کھل جائے گا کل یاوروں پہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

از علمدار حسین اسلم

ماتم (۱۴) ۔ برائے طرحی شب بیداری

اے کاش یہ مآلِ تمنا دکھائی دے

اے کاش یہ مآلِ تمنا دکھائی دے
دیکھوں جسے حسین کا شیدا دکھائی دے

حق آشنا جو آج زمانہ دکھائی دے
ہر سمت کربلائے معلّٰی دکھائی دے

چشمِ کرم حسینؑ کی محدود تو نہیں
جس پر نظر ہو آپ کی حُر سا دکھائی دے

اسلام کو جو چشمِ بصیرت سے دیکھئے
قربانیٔ حسینؑ کا صدقہ دکھائی دے

تیرِ ستم پہ اس لئے بے شیرؑ ہنس دیا
تا حشر دینِ حق نہ سسکتا دکھائی دے

زہراؑ تمہارے باغ کے پھولوں کے سامنے
باغِ جناں کا رنگ بھی پھیکا دکھائی دے

ٹوٹے نہ آس پانی کی عباسؑ نے کہا
جب تک مرے علم کا پھریرا دکھائی دے

دُنیا میں اس سے بڑھ کے ستم کی نہیں مثال
بے پردہ ہائے ثانیٔ زہرا دکھائی دے

قبرِ نبیؐ سے رونے کی آئے نہ کیوں صدا
جب بال کھولے دشت میں زہراؑ دکھائی دے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسلم غمِ حسینؑ میں روئیں تو اس طرح
اشکوں میں ڈوبتی ہوئی دنیا دکھائی دے

۲۴ر دسمبر ۱۹۷۰ء ۲۴ محرم ۱۳۹۰ھ

ماتم (۵) طرحی شب بیداری۔ از علمدار حسین اسلم

کونین کی دولت نہ مجھے میرے خدا دے

کونین کی دولت نہ مجھے میرے خدا دے
کہتے ہیں جسے خُلد وہی کرب و بلا دے

جو حُر کی طرح اپنے مقدر کو جلا دے
آنکھیں رہِ شبیرؑ میں وہ اپنی بچھا دے

ہر اشکِ عزا میں اثر اتنا تو خُدا دے
دوزخ کی دہکتی ہوئی آتش کو بجھا دے

جو الفتِ شبیرؑ میں دنیا کو بھلا دے
جنّت کی بشارت اُسے محبوب خدا دے

اللہ رے عاشور کے سورج تری حدّت
جیسے کہ ابھی آگ سمندر میں لگا دے

کہتی ہیں یہ سر پیٹ کے موجوں کی روانی
عباسؑ سی ہر مردِ مجاہد کو وفا دے

اصغرؑ کو لئے گود میں یہ کہتے تھے شبیرؑ
ہے کوئی جو پانی مرے بچّے کو پلا دے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہتی تھیں سکینہؑ مرے در کس لئے چھینے
او شمر لعیں تو مجھے اتنا تو بتا دے

دم گھٹتا ہے تاریکیٔ زنداں سے حرم کا
اک شمع پئے روشنی او شمر جلا دے

کس واسطے خاموش ہے عاشورؔ سے اب تک
اے شامِ غریباں مجھے کچھ حال سُنا دے

ق

رخصت کیلئے خیمے میں جب آئے تھے شبیرؑ
کیا حشر بپا تھا مجھے اتنا تو بتا دے

اسلمؔ غمِ شبیرؑ میں روتے ہیں جو ہر دم
شہزادیٔ کونین انھیں اس کا صلہ دے

ماتم (۶) از خوشرنج مرزا۔

جو دل غمِ شبیرؑ میں دِل گیر نہیں ہے

جو دل غمِ شبیرؑ میں دلگیر نہیں ہے
اس دل کی جہاں میں کوئی توقیر نہیں ہے

بے الفتِ آلِ نبی بخشش کا تصوّر
اک خواب ہے جس کی کوئی تعبیر نہیں ہے

جس قوم کی تعمیر نہ ہو حبِّ علیؑ پر
جو کچھ بھی کہا جائے وہ تعمیر نہیں ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شبیرؑ کا غم چھا گیا شبیرؑ کی مانند
کیا ماتم شبیرؑ کی تاثیر نہیں ہے

سر ننگے جسے کوفے بازار نے دیکھا
کیا بنتِ علی خواہرِ شبیرؑ نہیں ہے

یہ دونوں بہن بھائی زمانے سے ہیں یکجان
کیوں لاشۂ شبیرؑ پہ ہمشیر نہیں ہے

آ جاؤ کہاں ہو مرے پیارے علی اصغرؑ
ماں کہتی تھیں ہے ہے مرا بے شیر نہیں ہے

کیوں پیاس کے اظہار پہ مارا گیا ناوک
پانی کی طلب تو کوئی تقصیر نہیں ہے

آ پہنچی ہیں جنت سے تڑپتی ہوئی زہراؑ
بتلاؤ کہاں ماتمِ شبیرؑ نہیں ہے

آفاتِ زمانہ جو مقابل ہوں تو دیکھو
کیا کعبۂ دل میں غمِ شبیرؑ نہیں ہے

نوحہ (۷) از خوشرخ مرزا

موئے لال تجھے میں ڈھونڈوں کہاں
اب گھر آؤ اصغرؑ شام بھئی

تو ہے بن بن ڈھونڈ چکی ہے یہ ماں
اب گھر آؤ اصغرؑ شام بھئی

موئے لال ہوئی کیا مجھ سے خطا
کیوں روٹھ گئے کیوں دی یہ سزا

کاہے راج کنور ہے ماں سے خفا
اب گھر آؤ اصغرؑ شام بھئی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تیرے بعد ہوئی جو مجھ پہ جفا
مورے لال تجھے کیا اس کا پتہ
گھر لوٹ لیا موری چھینی ردا
اب گھر آؤ اصغرؑ شام بھئی

اے لال مورے اے چندر مکھی
لے پیاسے نرلشے من ماد مکھی
آجاؤ کہ ماں موہن ما نسکھی
اب گھر آؤ اصغرؑ شام بھئی

رن دیر مورے رن بھومی ما
تم سوتے کہاں ہو سیج بنا
ماں کو کھ جلی ڈھونڈے بن ما
اب گھر آؤ اصغرؑ شام بھئی

دو پنکھ پکھیرو شام ڈھلے
سب گھر کو سدھارے دیپ جلے
ماں روئے کھڑی آکاش تلے
اب گھر آؤ اصغرؑ شام بھئی

زخموں سے جگر کا خون رسے
ماں لال پکارے ہائے کیسے
تم کون نگر ما جائے بسے
اب گھر آؤ اصغرؑ شام بھئی

ماں کو کھ جلی یوں غم میں گھلے
بن باتی جیسے دیپ جلے
بن تیرے ممتا ہاتھ ملے
اب گھر آؤ اصغرؑ شام بھئی

یہ بن کی ہوا جو بھائی ہے
کیا من میں تمہارے آئی ہے
بے چین ہے ماں دکھ پائی ہے
اب گھر آؤ اصغرؑ شام بھئی

نوحہ (۸) از خورشید زمانی مرزا

بانوؑ نے جب سنا علی اکبرؑ گزر گئے

بانوؑ نے جب سنا علی اکبرؑ گزر گئے
رو کر کہا تم نہیں ہم آج مر گئے
اے میرے لال اے میری آنکھوں کی روشنی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب سے گئے ہو کیا کہوں کیا ہو گئی کمی
کچھ سوجھتا نہیں کہاں نورِ نظر گئے
بانوؑ نے جب سُنا علی اکبرؑ گزر گئے

برچھی ستم کی سینۂ اکبرؑ یہ کیا لگی
اک آہ کی رسولؐ نے اور رو دیئے علیؑ
ارمان جتنے ماں کے تھے سارے بکھر گئے
بانوؑ نے جب سُنا علی اکبرؑ گزر گئے

برپا دلوں پہ ماں کی ذرا بھی نظر نہ کی
برچھی جو کھائی سینہ پہ ماں کو خبر نہ کی
اس بے کسی میں چھوڑ کے ماں کو کدھر گئے
بانوؑ نے جب سُنا علی اکبرؑ گزر گئے

کرب و بلا کے دشت کو آباد کر گئے
غربت میں ماں کو چھوڑ کے برباد کر گئے
آنکھیں ہیں منتظر علی اکبرؑ کدھر گئے
بانوؑ نے جب سنا علی اکبرؑ گزر گئے

دشتِ بلا کی دھوپ میں یہ دوپہر کی جنگ
کملائے ہونٹ پھول سے۔ سانولا کیا تھا رنگ
سنتی ہوں دشت میں ترے گیسو بکھر گئے
بانوؑ نے جب سُنا علی اکبرؑ گزر گئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سُنتی ہوں تم نے جنگ کا نقشہ بدل دیا
حملے کئے علیؑ کی طرح رن الٹ دیا
فوجوں کے جو بڑھے تھے رسالے بکھر گئے!
بانوؑ نے جب سنا علی اکبرؑ گذر گئے

اب بے کسی ہے باپ ہے تنہا لڑائی ہے
نرغہ ہے فوج شام کا شہؑ پر چڑھائی ہے
اکبرؑ کدھر گئے۔ علی اصغرؑ کدھر گئے
بانوؑ نے جب سُنا علی اکبرؑ گزر گئے

بیٹا خبر لو باپ کی لاکھوں سے جنگ ہے
دِن ڈھل رہا ہے رن میں قیامت کی جنگ ہے
اکبرؑ تمہیں خبر۔ بھی ہے عبّاس مر گئے
بانوؑ نے جب سُنا علی اکبرؑ گزر گئے

باغِ نبیؐ پہ ایسی خزاں کی ہوا چلی
مرجھائے پھول دھوپ میں کملائی ہر کلی
مرجھائے پھول دوشِ ہوا پر بکھر گئے
بانوؑ نے جب سنا علی اکبرؑ گزر گئے

نوحہ (۹)

از۔ مجاہد لکھنوی

جب لئے زینبؑ نے بوسے گردنِ شبیرؑ کے

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب لئے زینبؑ نے بوسے گردنِ شبیرؑ کے
آہ نکلی قلبِ زہرہؑ سے جگر کو چیر کے

پارہ پارہ کردیا اکبرؑ کے سینہ کو لعیں
کردیئے ٹکڑے رسولؐ اللہ کی تصویر کے

دیکھ کر لاشِ علی اکبرؑ کو یہ بولے حسینؑ
بس نہیں چلتا کسی کا سامنے تقدیر کے

حلقِ اصغرؑ بازوئے شبیرؑ، اور قلبِ ربابؑ
حرمُلا کتنے نشانے ہیں ترے اک تیر کے

خالی جھولے کو جھلاتی تھیں تصور میں ربابؑ
دل تڑپتا تھا بہت جب ھجر میں بے شیر کے

اے فلک اتنا بتا دے آج ہیں جو بے ردا
کیا یہ ہی وارث نہیں ہیں چادرِ تطہیر کے

کل اسی کوفہ میں کہلاتی تھیں جو شہزادیاں
بے رِدا ہیں آج یہ رُخ دیکھئے تقدیر کے

اچھا اب جاتے ہیں مرنے کو خدا حافظ بہن
شہ نے یہ فرمایا بازو چوم کے ہمشیر کے

شہرت و عزت مجاہد سب ہیں مولا کے طفیل
مستحق ورنہ کہاں تھے آپ اس توقیر کے

٭٭٭

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نوحہ (۱۰) از: خوشرخ مرزا

آؤ کہاں ہو بالی سکینہؑ

آؤ کہاں ہو بالی سکینہؑ
تم بن اب ہے مشکل جینا

جلتی رہی ماں موت نہ آئی
شام الم ڈھلنے کو آئی
آگیا آخر حکم رہائی
تم کو کہاں اب پاؤں سکینہؑ
آؤ کہاں ہو ــــ

پائی نہ تو نے ہائے رہائی
قید ستم میں جان گنوائی
سہ نہ سکی بابا کی جدائی
ہائے سکینہؑ ـ ہائے سکینہؑ
آؤ کہاں ہو ــــ

شہؑ کی دلاری ـ عموں کی پیاری
پھرتی رہی تو در در ماری!
اٹھ گئی جب سے ان کی سواری!
موت تھی آساں مشکل جینا
آؤ کہاں ہو ــــ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چاہنے والے خون میں نہائے
کیا کیا تو نے صدمے اُٹھائے
باپ کے غم میں نیر بہائے
پر نہ ملا وہ باپ کا سینہ
آؤ کہاں ہو ۔۔۔۔

سیلِ بلا یوں گزری سر سے
ظلم کے بادل ٹوٹ کے برسے
آلِ نبیؐ دو بوند کو ترسے
پیاسا اصغرؑ ۔ پیاسی سکینہؑ
آؤ کہاں ہو بالی

یاس میں ڈوبی تیری نگاہیں
سہمی سہمی تیری آہیں
گال وہ نیلے، جکڑی باہیں
خون میں ڈوبا ننھا سینہ
آؤ کہاں ہو ۔۔۔

اٹھو ماں اب قید سے چھوٹی
ظلم کی وہ زنجیر بھی ٹوٹی
آئی ہے جو املاک تھی لوٹی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آؤ کہاں ہو ، آؤ سکینہؑ

آؤ کہاں ہو ۔ ۔ ۔

ساتھ چلو ماں تم پہ واری
چل کے کہو روؤ دادہ ساری
کربل بن سے ہو کے سواری
جائے گی واپس شہر مدینہ
آؤ کہاں ہو بالی سکینہؑ

نوحہ (۱۱) از: خوشرخ مرزا

جل چکے ہیں خیام واویلا

جل چکے ہیں خیام واویلا
گرد ہیں فوجِ شام واویلا

جو محافظ تھے سو گئے رن میں
موت کا پی کے جام واویلا

لوٹ لے بے کسوں کو جو چاہے
ہو چکا اذن عام واویلا

خاک پر سر کھلے ہیں اہلِ حرم کے
گرد ہے اژدھام واویلا

شام کی تیرگی میں ہے روشن
بے کسوں کے خیام واویلا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بے کسی، بے بسی کی، غربت کی
آ گئی سر پہ شام واویلا

بے کفن شاہِ دیں ہیں مقتل میں
گرد ہے فوج شام واویلا

دے چکے شہؑ پہ جان سب رن میں
بھائی، بیٹے، غلام واویلا

بے کسی میں بھی حق کا اہلِ حرم
دے رہے ہیں پیام واویلا

ماتم (۱۴)

بنتِ زہراؑ جو آیا کربلا میں مہماں ہو کر

بنتِ زہراؑ جو آیا کربلا میں مہماں ہو کر
دکھایا اوجِ صحرا کی زمیں نے آسماں ہو کر

سوائے اصغرؑ معصومؑ یہ کس کی جسارت ہے
کرے جو بخششِ اُمت کا دعویٰ بے زباں ہو کر

کھلے ہیں پھول زخموں کے تنوں پہ مرنے والوں کے
بہار آئی ہے گلزارِ پیمبر پر خزاں ہو کر

رضا اکبرؑ نے جب مانگی تو لیلیٰ نے کہا رو کر
اجازت قتل ہو جانے کی میں دوں کیسے ماں ہو کر

کہا لیلیٰ نے ہے ہے مر گئے اکبرؑ جواں ہو کر
مری قسمت کہ میں بیٹھی رہی رونے کو ماں ہو کر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تصوّر تو ذرا کیجئے سوا سجاد بے کس کے
چلا ہے منزلوں بیمار کوئی ساربان ہو کر
بہائیں گر غمِ شبیر میں دیندار آنکھوں سے
دکھائے راستہ کوثر کا ہر آنسو رواں ہو کر
لکھی تو نے جو عرشِ حق کے تاروں کی ثنا فائق
زمینِ شعر نے رفعت دکھائی آسماں ہو کر

ماتم (۱۳) از جناب حسین بھائی نظر

غربت میں کوئی بھائی بہن سے جدا نہ ہو

غربت میں کوئی بھائی بہن سے جدا نہ ہو
زینبؑ کی طرح کوئی بھی بے آسرا نہ ہو
اولادِ فاطمہ پہ وہ ظلم و ستم ہوئے
حیوان پر بھی ظلم و ستم جو روا نہ ہو
در در پھرائی جائیں وہ صد حیف ننگے سر
وہ جن کی ماں کا دن میں جنازہ اٹھا نہ ہو
کیا ہے کسی کے پاس جواز اُسکے قتل کا
جو گھٹنیوں کے بل بھی ابھی تک چلا نہ ہو
شبیرؑ چاہتے ہیں کہ سجدے میں سر کٹے
کوششِ یہ شمر کی ہے کہ سجدہ ادا نہ ہو
تھا وقتِ ذبح صرف یہ دھڑکا حسینؑ کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خیمہ سے میری سمت کوئی دیکھتا نہ ہو

کیوں کر یہ ہوتا پیادہ گیا ہوگا تا بہ شام
جو ننگے پاؤں ایک قدم بھی چلا نہ ہو

اس انجمن سے ہم کو نظر واسطہ نہیں
جس انجمن میں ذکرِ شہ کربلا نہ ہو

نوحہ (۱۴) از: خورشید مرزا

تھی لاشۂ شبیرؑ پہ زینبؑ کی دہائی ۔ اٹھو میرے بھائی

تھی لاشۂ شبیر پہ زینب کی دہائی ۔ اٹھو میرے بھائی
بے گور و کفن دھوپ میں تم سوئے ہو بھائی اٹھو میرے بھائی

دیکھو تو میری پشت پہ یہ نیل ہیں کیسے کیوں سوتے ہو ایسے
کس بات پہ یوں آنکھ ہے زینبؑ سے پھرائی ۔ اٹھو میرے بھائی

کیا کیا نہ ہوئے بعد تمہارے ستم ایجاد ۔ کس سے کروں فریاد
جب تم نہ رہے روکتا پھر کون چڑھائی ۔ اٹھو میرے بھائی

سر ننگے ہوں بلوے میں یہ بستی ہے عجب یاس ۔ چادر بھی نہیں پاس
کس حال میں تقدیر ہے ہمشیر کو لائی ۔ اٹھو میرے بھائی

کل تک تھی بہت آپ کی ہمشیر کی توقیر ۔ اب کیسی ہے دلگیر
چادر چھنی دُرّوں کی اذیت بھی اٹھائی ۔ اٹھو میرے بھائی

اے بھائیؑ ذرا کنبہ کی بربادی تو دیکھو ۔ اٹھو چلو گھر کو
دن ڈھل گیا اور شام ہے اب ہونے کو آئی ۔ اٹھو میرے بھائی ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نوحہ (۱۵) از مجاہد لکھنوی

جب رن میں چھدا ہو گا سینہ علی اکبرؑ کا

جب رن میں چھدا ہو گا سینہ علی اکبرؑ کا
کیا حال ہوا ہو گا ماں کے دل مضطر کا

اچھا نہ ترس کھاتے اکبرؑ پہ مسلمانوں
کچھ پاس کیا ہوتا تصویر پیمبرؐ کا

اِک شورِ قیامت تھا سیدانیوں میں برپا
لے آئے جو شہؑ لاشہ رن سے علی اکبرؑ کا

دل میں یہ تمنا تھی اکبرؑ کی دلہن لاتی
پورا نہ ہوا لیکن ارمان یہ مادر کا

عباسؑ سے شہؑ بولے مقتل میں نہ تم جاؤ
ہے تم سے علم اونچا بھیا مرے لشکر کا

انکار فلک کو تھا انکار زمیں کو تھا
خوں مل لیا سرورؑ نے رُخ پہ علی اصغرؑ کا

جاتے ہیں خدا حافظ اب صبر کرو بیٹی
مولاؑ نے یہ فرمایا منہ چوم کے دختر کا

بوسے لئے سرورؑ نے جب بازوئے زینبؑ کے
خواہر نے گلا چوما بھر کے برادر کا

گر روتیں تو کس کس کو اور صبر کیسے کرتیں

Presented by: Rana Jabir Abbas

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نوحہ (۱۷) از حسین بھائی نظرؔ

ماں کہتی تھیں قربان تمہارے علی اصغرؑ

ماں کہتی تھیں قربان تمہارے علی اصغرؑ
اے لختِ جگر اے مرے پیارے علی اصغرؑ

یہ دن تو تھے مرنے کے ہمارے علی اصغرؑ
تم ہو گئے اللہ کو پیارے علی اصغرؑ

پڑتی ہے نظر جب کبھی جھولے پہ تمہارے
چلتے ہیں جگر پر مرے آرے علی اصغرؑ

والی گئے اکبرؑ گئے اور تم بھی سدھارے
زندہ رہوں اب کس کے سہارے علی اصغرؑ

کیا ایسی بھی جلدی تھی تم چھوڑ کے ہم کو
تنہا سوئے فردوس سدھارے علی اصغرؑ

دشمن کو بھی خالق نہ دکھائے وہ نظارے
ان آنکھوں نے دیکھے جو نظارے علی اصغرؑ

کب چاند سی صورت نظر آئے گی تمہارے
اب ڈوبنے والے ہیں ستارے علی اصغرؑ

اب تک کسی دکھیا کی صدا آتی ہے رن سے
آ جاؤ مرے راج دلارے علی اصغرؑ

کیوں فخر نہ ہو اپنے مقدر پہ نظرؔ کو
وہ بھی ہے غلاموں میں تمہارے علی اصغرؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نوحہ (۱۸) از: حسین بھائی نظر

کربلا کی فضاؤں میں اب تک ایک دُکھیاری ماں کی صدا ہے
کربلا کی فضاؤں میں اب تک ایک دُکھیاری ماں کی صدا ہے۔

کربلا تیرے اس ہجر کے بن میں لال میرا کہیں کھو گیا ہے

کس کو میں لال کہہ کے بلاؤں کس کو سینے سے اپنے لگاؤں
لوریاں دے کے کس کو سلاؤں ہائے اصغرؑ میرا کھو گیا ہے

تو اگر روٹھ جائے گا جانی، ہو گی کیسے بسر زندگانی۔
پاس کوئی نہیں ہے نشانی، تیرا جھولا بھی اب جل چکا ہے

اس قدر یہ زمیں تجھ کو بھائی، یاد بھی ماں تجھ کو نہ آئی۔
دے رہا ہے جو داغِ جدائی بول اصغرؑ مری کیا خطا ہے

ہو نہ دل ٹکڑے ٹکڑے کسی کا، یوں نصیبہ نہ بگڑے کسی کا
اس طرح گھر نہ اجڑے کسی کا، جیسے تاراج یہ گھر ہوا ہے

ہیں نہ قاسمؑ نہ عباسؑ و اکبرؑ، لوٹ کر تو بھی آیا نہ اصغرؑ
ہو چکے حق پہ قربان سرورؑ، ہائے جینے کا اب کیا مزہ ہے

بیڑیاں پہنے عابدؑ کھڑے ہیں، سب رسن بستہ چھوٹے بڑے ہیں
یوں شہیدوں کے لاشے پڑے ہیں، جیسے قرآن بکھرا پڑا ہے

مجھ سے جس دم یہ پوچھے گی صغراؑ، کیوں دکھائی نہیں دیتا بھیا
کہہ سکوں گی یہ کس طرح بیٹا، تو بھی حق پہ فدا ہو چکا ہے

دلنشیں ہے مدینے کی عظمت، ہے نگاہوں میں کعبہ کی حرمت
ہے عیاں عرشِ اعلیٰ کی رفعت، کربلا پھر نظر [illegible] ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلام (۱۹) از: حسین بھائی نظر

دین کو بچانے فتنہ و شر سے

دین کو بچانے فتنہ و شر سے
جانِ پیمبر نکلا گھر سے

کی ہے رقم تاریخِ شہادت
سبطِ نبی نے خونِ جگر سے

مثلِ نبیؐ شبیرؑ کی ہستی
بالاتر ہے فکرِ بشر سے

سبطِ نبیؐ کے ماتم دارو!
خون بہاؤ دیدۂ تر سے

نامِ وفا پھر شوق سے لینا
پہلے کفن تو باندھ لو سر سے

لاکھ اٹھیں طوفان ستم کے
شر نہ اُٹھے شبیرؑ کے در سے

کیسے کھینچی، شبیرؑ سے پوچھو
نوکِ سناں اکبرؑ کے جگر سے

رو نہ سکی بابا کو سکینہؑ
تا دمِ آخر شمر کے ڈر سے

آؤ چلیں اب شام کو زینبؑ
آئی صدا شبیرؑ کے سر سے

اہلِ مدینہ خاک اڑاؤ
لُٹ کے حرم آئے ہیں سفر سے

اِن سے نظرؔ ہے ہم کو نسبت
دین چلا ہے جن کے گھر سے

نوحہ (۲۰) از: حسین بھائی نظر

شہہ دیں سے جنت کے لے کر قبالے
چلے رن کو آغوشِ زینبؑ کے پالے

یہ عون و محمد ہیں زینبؑ کے پالے
یہ فوجِ حسینیؑ کے ہیں دو رسالے

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ دونوں ہیں زینبؑ کے دل کے اجالے
یہ دونوں ہیں ماہِ امامت کے ہالے

رگوں میں ہے خوں ان کی بنتِ علی کا
نہیں فوجِ باطل سے یہ دبنے والے

کچھ ایسا جلال اُن کے رُخ سے عیاں ہے
کہ دیکھے اجل بھی تو دامن بچالے

یہ کہہ کے کیا ماں نے دونوں کو رخصت
کیا جاؤ تم کو خدا کے حوالے

یہ صبر و تحمل یہ ایثارِ زینبؑ
نہ آہ و فغاں ہے نہ لب پہ ہیں نالے

بھرا گھر اجڑ جائے اک دن میں جس کا
وہ مظلوم کس طرح دل کو سنبھالے

دو آنسو بہا کر غمِ شاہِ دیں میں
کوئی ہے جو زہرا کے دل کی دعا لے

شریکِ عزا ہونے آئی ہیں زہرا
نظر احتراماً نگاہیں جھکالے

نوحہ (۲۱) از: حسین بھائی منظر

زمانہ طالبِ بیعت ہوا ہے دیکھئے کیا ہو

زمانہ طالبِ بیعت ہوا ہے دیکھئے کیا ہو
حسینؑ ابنِ علیؑ کا سامنا ہے دیکھئے کیا ہو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نبیؐ کی آل ہے اور کربلا ہے دیکھیئے کیا ہو
یزید اب خون کا پیاسا ہوا ہے دیکھیئے کیا ہو

اُٹھائے جا رہے ہیں نہر سے شبیرؑ کے خیمے
علیؑ کے شیر کو غیض آ رہا ہے دیکھیئے کیا ہو

ابھی جی بھر کے بیٹوں کو نہ رونے پائی تھی زینبؑ
کہ اب اکبرؑ کا لاشہ آ رہا ہے دیکھیئے کیا ہو

اِدھر اصغرؑ کو لے کے شاہِ دیں میداں میں آتے ہیں
اُدھر ترکش سنبھالے حرملا ہے دیکھیئے کیا ہو

ماتم (۲۳) از: مرزا حامد حسین لکھنوی

شمر یہ آمادہ ستمگر ہیں خدا خیر کرے
سیدۂ خلد بیں مضطر ہیں خدا خیر کرے

گھر کے سناٹے سے دل ہلتا ہے صغراؑ نے کہا
راہ میں سبطِ پیمبر ہیں ۔ خدا خیر کرے

غل فرشتوں میں ہے الٹے نہ طبق گیتی کا
ننگے سر رن میں پیمبر ہیں ۔ خدا خیر کرے

چھین لیں نہر نہ عباسؑ یہ کہتے تھے لعیں
پسر ساقیٔ کوثر ہیں ۔ خدا خیر کرے

غل ہوا فوجوں میں گرد اُٹھ گئے جو بیٹھی رن کی
ارے عباسؑ دلاور ہیں ۔ خدا خیر کرے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رِاتے ہیں فلک، ہلتی ہے مقتل کی زمیں
عینط میں سبطِ ہمیبر ہیں۔ خدا خیر کرے

دِل سنبھالے سے سنبھلتا نہیں زینبؑ نے کہا
برچھیوں میں علی اکبرؑ ہیں۔ خدا خیر کرے

تیر مقتل میں برستے ہیں تو کہتی ہیں رباب
شاہ کی گود میں اصغرؑ ہیں۔ خدا خیر کرے

بولی صغراؑ کہ نظر آتی ہے محمل خالی
نہ سکینہؑ ہیں نہ اصغرؑ ہیں۔ خدا خیر کرے

حامد ایسا نہ ہو جل جائیں خیام شہِ دیں
سوگواروں کے یہی گھر ہیں خدا خیر کرے

ماتم (۲۳) از حامد حسین لکھنوی

انقلابِ آسمانی دیکھیئے
مانگتے ہیں شاہ پانی دیکھیئے

شاہ کی تشنہ دہانی دیکھیئے
شمرؔ کے خنجر کا پانی دیکھیئے

حُر کا سر اور تکیۂ زانوئے شاہ
یہ کرم یہ قدر دانی دیکھیئے

پاس دریا اور پیاسے اہلِ بیتؑ
حادثاتِ بزمِ فانی دیکھیئے

عاصیوں کو اک سفینہ دے گیا
نا خدا کی مہربانی دیکھیئے

بھوکے پیاسے موت سے ٹکرا گئے
بات بیعت کی نہ مانی دیکھیئے

مرگِ اکبرؑ کہتی ہے شبیر سے
بچپن دیکھا۔ جوانی دیکھیئے

حلقِ اصغرؑ تک پہنچنے کو ہے تیر
ختم ہوتی ہے کہانی دیکھیئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دے رہا ہے اٹھ زیرِ خنجر بھی دعا	فاطمہ زہرا کا جانی دیکھئے

حامد اس تر دامنی کا ذکر کیا
آپ اشکوں کی روانی دیکھئے

نوحہ (۲۴)

از۔ ظہور الحسن ظہور جارچوی

تحفے سفر سے زینبؑ دلگیر لائی ہے

تحفے سفر سے زینبؑ دل گیر لائی ہے	گردن کا طوق پاؤں کی زنجیر لائی ہے
زخمی ہے پشت بازوؤں پہ ہیں رسن کے نیل	آلِ نبیؐ یہ ظلم کی تفسیر لائی ہے
صغراؑ نہ بے قرار ہوا صغراؑ کو دیکھ کے	اُمِ رباب آنکھوں میں تصویر لائی ہے
سر اہے خاکِ قبرِ سکینہ لئے ہوئے	کلثوم خاکِ تربتِ بے شیر لائی ہے
بیٹا شہید ہو گیا گہوارہ جل گیا	ماں دل میں داغِ اصغرِ بے شیر لائی ہے
اصغرؑ تو دفن ہو کے بھی پامال ہو گیا	مادر نشانِ ظلم و ستم تیر لائی ہے
عابدؑ حرم کے ساتھ ہیں کالا علم لئے	قبرِ نبیؐ پہ آل کو تقدیر لائی ہے
نذرانہ، رسولؐ نواسی رسولؐ کی	پُرخوں لباسِ حضرت شبیر لائی ہے

اپنے عمل تو قابلِ جنت نہ تھے ظہور
جنت میں ہم کو الفتِ شبیرؑ لائی ہے

سلام (۲۵)

از۔ شاعرِ اہلبیتؑ جناب طالب جارچوی

مت سمجھنا نہیں ہے مومن دلِ دلگیر کی آواز

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تنہا نہیں ہے مومنِ دلگیر کی آواز
کونین میں ہے ماتمِ شبیر کی آواز

دراصل یہ صدقہ ہے حسینؑ ابنِ علیؑ کا
باقی ہے جہاں میں جو یہ تکبیر کی آواز

پھیلا گئی دنیا میں برادر کے لہو کو
فریاد میں ڈوبی ہوئی ہمشیر کی آواز

جو صبح دہم سب نے سنی لحنِ اذاں میں
تھی سرورِ کونین کی تصویر کی آواز

تھی عابدِ بیمار کے قدموں کی یہ تاثیر
زنجیر سے آتی رہی تکبیر کی آواز

کیوں گونج ہے کونین میں فریاد کی ہر سو
تھی تیر کی آواز نہ، بے شیر کی آواز

دم بھر کو ٹھہر جا یہ کہا شمر لعیں سے
جس دم سنی شبیرؑ نے ہمشیر کی آواز

گھٹ گھٹ کے قضا کر گئی زنداں میں سکینہؑ
قیدی ہی رہی دخترِ شبیرؑ کی آواز

یاد آتا ہے طالب کو بہت عابدِ بیمار
سنتا ہے وہ جب بھی کہیں زنجیر کی آواز

ماتم (۳۶)

از۔ حامد حسین صاحب حامد

ٹالے دیتے غمِ شبیرؑ جو ٹالا جاتا

ٹال دیتے غمِ شبیرؑ جو ٹالا جاتا
دل کا کانٹا ہے یہ کس طرح نکالا جاتا

مرگِ اکبرؑ سے ملا خاک میں زینبؑ کا ریاض
دل سنبھالا ہے جو سنبھلتا تو سنبھالا جاتا

شہؑ کے انصار تھے پابندِ جہادِ صابر
ورنہ کیا بچ کے کوئی ایک رسالہ جاتا

تھا شیت کو فقط بخششِ امت کا خیال
ورنہ زور اجبرِ رسالت کا ڈالا جاتا

اس لئے شہ نے نہ دی جنگ کی بھائی کو رضا
ایک حملہ بھی نہ لاکھوں سے سنبھالا جاتا

باپ بیٹے کا تعلق تھا تو پھر بے اعجاز
پھل نہ برچھی کا کلیجے سے نکالا جاتا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ختم ہو جاتا اگر سیدہ کے مصائب کا بیان
ہر محرم میں نہ یہ ذکر نکالا جاتا

طابع حکم خدا اپنا وجود اور عدم
حامدِ اس حکم کو ٹالے نہیں ٹالا جاتا

(۲۷)

سوائے فاطمہ زہرا نہیں کوئی زینبؑ

جناب وارث علی خاں صاحب سرشار لکھنوی

سوائے فاطمہؑ زہرا نہیں کوئی زینبؑ
کرے جو تجھ سے زمانے میں ہمسری زینبؑ

بچا یا دینِ نبیؐ کام کر گئی زینبؑ
کہیں حسینؑ بنی اور کہیں علیؑ زینبؑ

اسیر ہو کے سوئے شام جب چلی زینبؑ
نبیؐ کے دین کی دنیا بدل گئی زینبؑ

زمانہ روئے گا تا حشر اس مصیبت پر
وہ پیاس بچوں کی وہ تیری بے بسی زینبؑ

یہ داستانِ الم رہ گئی زمانے میں
شہید ہو گئے شبیرؑ لٹ گئی زینبؑ

بڑی مصیبتیں زہراؑ پہ بھی پڑیں لیکن
پڑی جو تجھ پہ کسی پر نہیں پڑی زینبؑ

یہی عقیدہ ہے سرشار کا زمانے میں
نہ کر سکا کوئی تیری سی رہبری زینبؑ

(۲۸)

نامِ حسینؑ تیری حد تک کافر دل بھی مسلماں ہے

جناب مہدی ظہیر صاحب۔ ضو لکھنوی

نامِ حسینؑ تیری حد تک کافر دل بھی مسلماں ہے
تو ہے ہر مذہب کی عقیدت تو ہر قوم کا ایماں ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اپنی ثقافت سرمایہ ہائے حسینؑ اور وائے حسینؑ
سوز و گدازِ انسانیت، اپنی قوم گریاں ہے

شمع لئے یہ شبیر کی سرور پیش سوادِ فوجِ شام
ڈھونڈ ھنے یہ نکلے ہیں رن میں دیکھیں کوئی انساں ہے

دُھائی صحرائے عرب ئے اک تاریخ تشنہ لبی
ابراہیمؑ کرب و بلا ہے، اسمٰعیلِ عطشاں ہے

اُٹھتا گرتا پردہ ہے یا خیمہ اہلِ حرم کا لب
جس پہ برائے رُخصتِ اکبرؑ گاہ نہیں ہے گہہ ہاں ہے

قدموں سے سقّا کے لپٹ کر کہتی تھی سر موجِ فرات
مجھ کو خیمے میں لے چلیئے، پیاری سکینہؑ عطشاں ہے

رابطِ کتاب و عترت کا ہے ما بین صفین و شام
نیزوں پہ ہی آل کے سر ہیں نیزوں پہ ہی قرآں ہے

شہ کی نمازِ قربانی کا وقتِ فضیلت ہے عاشور
کر کے ادا رکعات بہتّر عصر کا سجدہ نازاں ہے

ضوؔ قرباں خوشی کے اُجالے اس غم کی تاریکی پر
شمع بجھائے چپ بیٹھا ہوں یادِ شامِ غریباں ہے

سلام (۲۹) از: جناب طالب جارچوی

وہ تیرا خلوص محکم وہ زمین کربلا کی۔

وہ تیرا اخلوص محکم وہ زمین کربلا
شہ ملی تنظیم اب تک ترے سجدۂ وفا کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas